**22.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

.................................................................................

☆ NDA سرکار کے تیسرے میعاد کا پہلا مکمل بجٹ کل لوک سبھا میں پیش کیا جائے گا۔

☆ اقتصادی سروے کے مطابق 2023-24 میں بھارت کا مالی خسارہ گھٹ کر GDP کا 5 اعشاریہ 6 فیصد ہو گیا ہے۔ اقتصادی سروے میں 2030 تک غیر زرعی شعبے میں سالانہ تقریباً 78 لاکھ 50 ہزار نوکریاں پیدا کرنے کی ضرورت کو اُجاگر کیا گیا ہے۔

☆ لوک سبھا میں آئندہ اولمپک کھیلوں کے لیے بھارت کی تیاریوں پر بحث ہوئی۔

☆ سپریم کورٹ نے اُترپردیش اور اُتراکھنڈ کی سرکاروں کے اُس حکم نامے پر روک لگا دی ہے، جس میں کانوڑ یاترا راستے پر کھانے پینے کی دکانوں پر دکان مالکوں کے ناموں کو اُجاگر کرنے کی بات کہی گئی ہے۔

☆ اور بھارتی محکمے موسمیات نے اگلے تین دنوں میں گجرات، کونکن، گوا اور وسطے مہاراشٹر میں بہت تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

.................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Parl - PM**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کل پیش کیا جانا والا مرکزی بجٹ اگلے 5 سالوں کے سفر کا رُخ طے کرے گا اور 2047 میں وِکسِت بھارت کے خواب کو پورا کرنے کی بنیاد ڈالے گا۔ جناب مودی آج پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات کر رہے تھے۔

S/B 2100 - PM On Amrit Kaal

**Economic Survey**

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج شروع ہوا۔ اجلاس کے پہلے دن وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے لوک سبھا میں 2023-24 کا اقتصادی سروے پیش کیا۔ اقتصادی سروے نے مالی سال 2024-25 کے دوران حقیقی مجموعی گھریلو

پیداوار GDP کی شرح ساڑھے 6 فیصد رہنے کا اندازہ لگایا ہے۔ اقتصادی سروے کے مطابق غیر یقینی عالمی اقتصادی کارکردگی کے باوجود بھارت مالیاتی استحکام پر برقرار رہا۔ سروے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ مرکزی سرکار کے مالی خسارے کو کم کر کے 2023 میں GDP کا 6 اعشاریہ 4 فیصد کیا گیا ہے، جو کہ 2024 میں GDP کا 5 اعشاریہ 6 فیصد ہے۔ سروے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ توقع ہے کہ بھارت کا مالی خسارہ کم ہو کر GDP کا 4 اعشاریہ 5 فیصد اور 2026 میں اور کم ہو جائے گا۔

ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بھارت سرکار کے چیف اقتصادی مشیر ڈاکٹر وی اننتھ ناگیشوَرن نے کہا کہ معیشت میں اضافے کا رجحان ہے۔ زرعی شعبہ تقریباً 42 اعشاریہ 3 فیصد آبادی کو گزر بسر فراہم کرتا ہے اور ملک کے GDP میں اس کا حصہ 18 اعشاریہ 2 فیصد ہے۔ ڈاکٹر ناگیشوَرن نے کہا کہ بھارتی معیشت کو 2030 تک غیر زرعی شعبے میں سالانہ تقریباً 78 لاکھ 50 ہزار نوکریاں پیدا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ بڑھتی ہوئی افرادی قوت کی ضرورتوں کو پورا کیا جا سکے۔

افراطِ زر کی شرح میں اضافے پر بھارت کے ریزرو بینک کو امید ہے کہ مالی سال 2025 میں افراطِ زر کی شرح 4 اعشاریہ 5 فیصد جبکہ 2026 میں 4 اعشاریہ ایک فیصد ہوگی۔

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ نے بھارت میں افراطِ زر کی شرح میں 2024 میں 4 اعشاریہ 6 فیصد اور 2025 میں 4 اعشاریہ 2 فیصد کے اضافے کا اندازہ لگایا ہے۔

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کل مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ یہ نریندر مودی کی تیسری سرکار کا پہلا بجٹ ہوگا۔x

## PM Economic Survey

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اقتصادی جائزہ، ملک کی معیشت کی نمایاں طاقتوں کو اجاگر کرتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ حکومت کی جانب سے کی گئیں مختلف اصلاحات کے نتائج اور حصولیابیوں کو بھی اجاگر کرتا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے کہا کہ اب جبکہ ہم ایک وکست بھارت کی تعمیر کی جانب پیش قدمی کر رہے ہیں، اقتصادی جائزہ، مزید نمو اور ترقی کیلئے شعبوں کی بھی نشاندہی کرتا ہے۔x

## LS Olympic Discussion

لوک سبھا نے آنے والے اولمپک کھیلوں کے لیے بھارت کی تیاریوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ ایوان میں بحث کی شروعات کرتے ہوئے BJP کے ڈاکٹر سنجے جیسوال نے کہا کہ NDA سرکار کے تحت بجٹ میں اضافہ کر کے، اب 3 ہزار 997 کروڑ روپے کر دیا گیا ہے، جو 2014 میں ایک ہزار 219 کروڑ روپے تھا۔ انہوں نے کہا کہ سرکار نے پیرس میں ہونے والے اولمپک کھیلوں کے لیے 16 زمروں میں کھلاڑیوں پر مجموعی طور پر 470 کروڑ روپے خرچ کیے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ مردوں کی ہاکی ٹیم کی تیاری پر تقریباً 42 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔

بحث میں حصہ لیتے ہوئے کانگریس کے دپیندر ہُڈا نے کہا کہ کھیل کو سیاست سے الگ رکھنا چاہیے۔

انہوں نے کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کی شناخت، اُن کی مدد کرنے اور اُن کے مستقبل کو بہتر بنانے کے لیے

ایک پالیسی مرتب کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ AITC کے کیرتی آزاد نے سرکار سے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی کہ اُس نے بین الاقوامی کھیلوں میں شرکت کرنے والے کھلاڑیوں کی تیاریوں کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے ملک میں کوچز کے خالی عہدوں کا معاملہ بھی اُٹھایا۔×

## LS Unemployement

سرکار نے آج کہا ہے کہ حالیہ سالوں میں ملک میں بے روزگاری کی شرح میں کمی کا رجحان نظر آتا ہے۔ لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں محنت اور روزگار کی وزیر مملکت Shobha Karandlaje نے کہا کہ سالانہ افرادی قوت سروے کے موجودہ تازہ رپورٹ کے مطابق 15 سال اور اُس سے زیادہ کے عمر کے افراد کی بے روزگاری کی شرح 21-2020 میں 4 اعشاریہ 2، 22-2021 میں 4 اعشاریہ ایک اور 23-2022 میں 3 اعشاریہ 2 فیصد تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سالانہ افرادی قوت سروے کے موجودہ تازہ رپورٹ کے مطابق تنخواہ پانے والے ملازمین کی اوسط تنخواہ میں اپریل سے جون 2023 کے درمیان 20 ہزار 39 روپے کا اضافہ ہوا ہے، جو کہ اپریل سے جون 2018 کے دوران 16 ہزار 848 روپے تھا۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ باضابطہ تنخواہ میں 18 اعشاریہ نو چار فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔×

## LS Old Pension

حکومت نے آج کہا ہے کہ مرکزی حکومت کے ملازمین کے تعلق سے پرانی پنشن اسکیم کو بحال کرنے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے۔ بجٹ اجلاس کے پہلے دن، کانگریس کے رکن پارلیمنٹ Praniti سُشیل کمار شنڈے کے ایک سوال کے جواب میں، خزانے کے وزیر مملکت پنکج چودھری نے کہا کہ پردھان منتری شَرَم یوگی مان دھن - PM SYM پنشن اسکیم 2019 میں شروع کی گئی تھی تاکہ 60 سال کا ہونے کے بعد، تین ہزار روپے کی ماہانہ پنشن کے ساتھ ضعیف العمری سے متعلق سکیورٹی فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ 18 سے 40 سال تک کی عمر کے ورکرز، جن کی ماہانہ آمدنی 15 ہزار روپے ہے یا جو ESIC, EPFO اور NPS کے رکن نہیں ہیں، اس اسکیم میں شامل ہو سکتے ہیں اس اسکیم کے تحت، مستفید شخص 50 فیصد ماہانہ زیرِ تعاون ادا کرے گا اور اس کے مساوی رقم مرکزی حکومت ادا کرے گی۔×

## LS Israel Workers

حکومت نے آج کہا ہے کہ ابھی تک 4 ہزار 825 بھارتی مزدوروں کو اسرائیل میں معمور کیا گیا ہے اور کسی بھی مرکزی ٹریڈ یونین نے انھیں اسرائیل بھیجنے پر اعتراض نہیں کیا ہے۔ لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں، لیبر اور روزگار کی وزیر مملکت شوبھا Karandlaje نے کہا کہ اسرائیل کے ساتھ ہوئے فریم ورک معاہدہ اور عمل درآمد سے متعلق اقرارنامہ کے مطابق، بھارتی مزدوروں کے ساتھ اسرائیل کے شہریوں کے لیبر حقوق کے مطابق مساوی سلوک کیا جائے گا۔ انھیں قیام کیلئے مناسب جگہیں، میڈیکل انشورینس اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ انھوں نے کہا کہ

بھارت-اسرائیل معاہدہ کے تحت، تعمیراتی مزدوروں کیلئے عمل درآمد سے متعلق اقرارنامہ کے تحت، اسرائیل میں روزگار کیلئے دس ہزار بھارتی مزدوں کیلئے ایک درخواست موصول ہوئی تھی۔ان میں سے اب تک 4 ہزار 825 بھارتی مزدور، اسرائیل میں معمور کئے جاچکے ہیں اور ان میں سے 4 ہزار 415 مزدور اترپردیش کے ہیں۔x

## RS Power

بجلی کے وزیر منوہر لال نے آج کہا کہ بھارت، سال 2030 تک غیر قدرتی ایندھن پر مبنی توانائی کے وسائل سے تقریباً 50 فیصد مجموعی الیکٹرک پاور کی صلاحیت حاصل کرنے کے تئیں عہد بند ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں، جناب لال نے کہا کہ بھارت نے پہلے ہی غیر قدرتی ایندھن پر مبنی وسائل سے 45 اعشاریہ 5 فیصد نصب شدہ صلاحیت حاصل کر لی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک منصوبہ تیار کیا گیا ہے، جس کے مطابق بھارت، نہ صرف یہ کہ غیر قدرتی ایندھن پر مبنی 50 فیصد بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت حاصل کرے گا بلکہ اپنے ہدف بھی تجاوز کر جائے گا۔x

## SC Kanwar Yatra

سپریم کورٹ نے اترپردیش اور اتراکھنڈ سرکاروں کی طرف سے جاری کی گئی اُن ہدایات پر رُوک لگادی ہے، جن میں دکان مالکان سے کہا گیا تھا کہ وہ کانوڑ یاترا راستے پر آنے والی دکانوں میں ناموں کو اُجاگر کریں۔ جسٹس ہریشی کیش رائے اور جسٹس SVN بھاٹی پر مشتمل ایک بنچ نے اِس معاملے کی سماعت کرتے ہوئے ریاستی سرکاروں سے کہا ہے کہ وہ جمعہ تک اپنے جواب داخل کریں۔ بنچ نے البتہ یہ وضاحت بھی کی ہے کہ کھانے پینے کی اشیاء فروخت کرنے والی دکانوں پر کھانے کی نوعیت کو نمایاں کیا جانا چاہئے۔

اِس سے پہلے اِس مہینے کی 18 تاریخ کو مظفر نگر کے سینئر پولیس سپرنٹنڈنٹ نے ایک ہدایت نامہ جاری کیا تھا، جس کے تحت کانوڑ راستے پر آنے والے سبھی ڈھابوں اور دکانوں سے کہا گیا تھا کہ وہ اپنے مالکان کے نام اُجاگر کریں گے۔ 19 جولائی 2024 کو اس ہدایت نامے کو اُترپردیش اور اتراکھنڈ کے تمام اضلاع میں سختی کے ساتھ نافذ کر دیا گیا تھا۔x

## SC NEET-IIT

سپریم کورٹ نے آج IIT دلّی کو کہا ہے کہ وہ ماہرین کا ایک پینل تشکیل دیں، جو نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کے اُس فیصلے پر اپنی رائے پیش کرے کہ NEET-UG امتحان میں فزکس کے ایک سوال کے دو صحیح جواب ہو سکتے ہیں۔ سپریم کورٹ نے ماہرین کی ٹیم سے کہا ہے کہ وہ اپنی تجویز کل 12 بجے تک عدالتِ عالیہ کو پیش کرے۔ سپریم کورٹ NEET-UT امتحان میں مبینہ طور پر بے ضابطگیوں سے متعلق عرضداشتوں پر سماعت کر رہی تھی۔x

## IMD Forecast

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے تین روز کے دوران، گجرات، کونکن، گوا اور مدھیہ مہاراشٹر میں انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا کہ آج مدھیہ پردیش، وِدربھ اور چھتیس گڑھ میں بھی انتہائی موسلادھار بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اگلے پانچ روز کے دوران ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، مشرقی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور اترپردیش میں ہلکی سے درمیانی بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

## Typhone China

جنوبی چین کے بہت سے حصوں میں آئے شدید طوفان Prapiroon کی وجہ سے کل اور آج صبح تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش ہوئی۔ یہ خطے میں اس سال آنے والا چوتھا طوفان ہے۔ مقامی موسمیات کے محکمے کے مطابق، جزیرائی صوبے Hainan کے مشرقی، وسطی اور مغربی حصوں میں موسلادھار بارش ہوئی ہے۔ راجدھانی Haikou سمیت، Hainan صوبے کے کُل 12 شہر اور Counties اس طوفان سے متاثر ہوئے ہیں۔

خودمختار خطے Guangxi-Zhuang کے موسمی حالات کا مشاہدہ کرنے والے ادارے نے آج صبح ایک بڑی موسمیاتی تباہی کے خدشے کے پیشِ نظر، ہنگامی حالات میں کارروائی سے متعلق سطح کو IV سے تبدیل کرکے سطح III کردیا ہے اور شدید طوفان کیلئے یلو الرٹ کو برقرار رکھا ہے۔x

## Cricket

ایشیا کپ خواتین T-20 کرکٹ میں، میزبان سری لنکا نے ڈمبولا میں گروپ-بی کے ایک میچ میں ملیشیا کو 144 رن سے شکست دی۔

ٹاس جیت کر پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے سری لنکا نے مقررہ 20 اوور میں 4 وکٹ کے نقصان پر 184 رن بنائے۔

جواب میں ملیشیا کی پوری ٹیم صرف 40 رن ہی بنا سکی۔

سری لنکا کی یہ دوسری جیت تھی۔ اس سے پہلے اُس نے بنگلہ دیش کو 7 وکٹ سے شکست دی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆